# 16-11-2024  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) موسی ندی کے کنارے رہنے والوں کے ساتھ رہنے وزیراعلی تلنگانہ اے ریونت ریڈی کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے بی جے پی ریاستی یونٹ کے صدراور مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی کے ساتھ ساتھ دیگر بی جے پی لیڈروں نے موسی ندی میں رہنے والے افراد کے درمیان رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔

(۲) وقارآباد ضلع کے لگاچرلہ گاؤں میں فارما کمپنی کو اراضی حوالہ کرنے کے خلاف کئے گئے شدید احتجاج کے دوران کلکٹر پر حملہ کے واقعہ کے سلسلہ میں گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔

(۳) بی سی کمیشن جلد ہی متحدہ کھمم اور محبوب نگر اضلاع کا دورہ کرے گا۔

اور

(۴) تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ونلسار یونیورسٹی کے چانسلر آلوک ارادھے نے گریجویٹس کو مشورہ دیا کہ وہ بیشتر عوامی مقاصد کے لئے اپنی معلومات کا استعمال کریں اور مزید ذمہ دار و ذرائع والے شہری بنے۔

☆☆☆

آندھرا پردیش کے وزیراعلی این چندرابابو نائیڈو کے چھوٹے بھائی رام مورتی نائیڈو چل بسے۔ انہوں نے حیدرآباد کے ایک پرائیویٹ اسپتال میں علاج کے دوران آخری سانس لی۔ 72 سالہ رام مورتی نائیڈو گذشتہ ایک ہفتہ سے شہر حیدرآباد کے گچی باولی میں واقع اے آئی جی اسپتال میں زیرعلاج تھے۔ میڈیکل ٹیم کی جانب سے ان کو بچانے کی کوششوں کے باوجود ان کی صحت ابتر ہوتی چلی گئی اور وہ چل بسے۔ اسپتال کے ذرائع نے یہ بات بتائی۔ رام مورتی نائیڈو، نے قبل ازیں 1994 تا 1999 چندراگری حلقہ کی اسمبلی میں نمائندگی کی تھی۔ وہ تلگودیشم کے ٹکٹ پر اس حلقہ سے منتخب ہوئے تھے۔ صحت کی خرابی کی وجہ سے انہوں نے حالیہ چند برسوں کے دوران سرگرم سیاست سے کنارہ کشی اختیار کی تھی۔ ان کی لاش، آخری رسومات کے لئے تروپتی ضلع کے چندراگری منڈل کے آبائی گاوں ناراواری پلی منتقل کی جائے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ میڈیا اکیڈیمی کے صدرنشین کے سرینواس ریڈی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ آزادی صحافت جمہوریت کا اہم ستون ہے۔ انہوں نے تلنگانہ کے ضلع نلگنڈہ کے ناگرجنا کالج میں تلنگانہ ساہیتہ پریشد کی جانب سے نلگنڈہ ضلع سرواسم پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے میڈیا کے پیشہ وروں، اداروں اور عوام کو قومی یوم صحافت کے موقع پر مبارکباد پیش کی۔ یہ دن ہر سال 16 نومبر کو پریس کونسل آف انڈیا کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ انہوں نے جمہوریت کے تحفظ میں ذرائع ابلاغ کی آزادی کے رول کو اجاگر کیا۔ انہوں نے دعوی کیا کہ الکٹرانک میڈیا اور اخبارات آزادی کے بغیر مطلق العنان دور میں بدتر ہو جائیں گے۔ انہوں نے حالیہ واقعات بشمول مدھیہ پردیش اور اترپردیش میں صحافیوں کی اموات کا حوالہ دیتے ہوئے ملک میں میڈیا کی آزادی کی غیر یقینی پر تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہریوں اور اداروں پر زور دیا کہ وہ میڈیا کی آزادی میں رکاوٹوں پر مزاحمت کریں، انہوں نے شعبہ صحافت کے اہم رول کیلئے عوامی تائید کو ضروری قرار دیا۔

☆☆☆

شہر حیدرآباد کے منی کونڈا، کے قریب پوپل گوڑہ علاقہ میں واقع ایک اپارٹمنٹ میں ہفتہ کی صبح آگ لگ گئی جس سے مقامی عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا۔آگ لگنے کے واقعہ میں کوئی زخمی نہیں ہوا۔ فائر بریگیڈ کے عملے نے ایک گھنٹے سے زائد جدو جہد کرتے ہوئے مشکل سے آگ پر قابو پایا۔ابتدائی رپورٹس میں بتایا گیا کہ پکوان گیس سلنڈر پھٹ گیا تاہم یہ واضح نہیں ہوسکا کہ دھماکہ آگ لگنے کے بعد ہوا یا دھماکہ سے گولڈن اوریول اپارٹمنٹ اپارٹمنٹ کے اے ون بلاک کی پانچویں منزل پر آگ لگی۔ آگ کے شعلے گھر کے اندر داخل ہوتے ہی گھر میں رہنے والے اپنی جان بچانے کیلئے دوڑ پڑے۔ دوسری منزلوں اور دوسرے بلاکس میں واقع فلائٹس کے خوف زدہ مکین باہر نکل پڑے کیونکہ شعلوں نے تیزی سے اپارٹمنٹ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔مقامی افراد نے بتایا کہ فائر بریگیڈس کو کامپلکس تک جانے میں مشکل پیش آئی کیونکہ فائر بریگیڈ کی نقل وحرکت کے لیے راستہ کافی پیچیدہ تھا۔ فائر سروس کے ملازمین نے اپنی گاڑیاں متصل اپارٹمنٹ میں کھڑی کرکے آگ پر قابو پالیا۔

☆☆☆

شہر حیدرآباد میں دوسرے مرحلہ کے میٹرو ریل کے کاموں کے لئے جائیدادوں کو حاصل کرنے کے لیے ایک اور قدم اٹھایا گیا ہے۔کلکٹر نے ایم جی بی ایس سے چندرائن گٹہ تک 7.5 کلومیٹر میٹرو لائن کے لیے درکار جائیدادوں کے حصول کو منظوری دے دی۔اس کے ساتھ ہی پرانا شہر حیدرآباد میں میٹرو ریل پراجکٹ کے لئے جائیدادوں کے حصول کا کام شروع ہوجائے گا۔ اس روٹ پر سڑکوں کی توسیع اور اسٹیشنوں کی تعمیر کے لیے، جائیدادیں حاصل کی جائیں گی۔ حیدرآباد میٹرو ریل کارپوریشن پہلے ہی اراضی کے حصول کے لیے نوٹس دے چکی ہے۔وزیراعلی ریونت ریڈی کی ہدایت کے مطابق میٹرو مرحلہ 2 کوریڈار کیلئے ایم جی بی ایس سے چندرائن گٹہ تک 200 سے زیادہ جائیدادوں کو حاصل کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ہفتہ 16 نومبر کو ضلع کلکٹر انو دیپ دوری شیٹی نے جائیدادوں کو حاصل کرنے کے اعلان کو منظوری دی۔کلکٹر نے کہا کہ میٹرو ریل کا کام جنوری 2025 میں شروع ہوگا۔

☆☆☆

چھوٹے اور متوسط اداروں کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی نے نئی دہلی میں آج 43 ویں انڈیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیر میں ایم ایس ایم ای پویلین کا افتتاح کیا۔اس سال پویلین کا موضوع گرین ایم ایس ایم ایز دیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں وزارت نے کہا کہ یہ پویلین ایم ایس ایم ایز کی جانب سے کلین اینڈ گرین تکنالوجیز کو اختیار کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کو واضح کرتا ہے تا کہ یہ ادارے اپنی تجارتی سرگرمیوں کو تبدیل کرسکیں۔ یہ پویلین پی ایم وشوا کرما اسکیم کو بھی اجاگر کرتا ہے جس کا آغاز گزشتہ سال وزیراعظم مودی نے کیا تھا۔

☆☆☆

وقارآباد ضلع کے لگاچرلہ گاؤں میں فارما کمپنی کو اراضی حوالہ کرنے کے خلاف کئے گئے شدید احتجاج کے دوران کلکٹر پر حملہ کے واقعہ کے سلسلہ میں گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ پہلے ہی 17 افراد کو گرفتار کرتے ہوئے عدالتی تحویل میں دے دیا گیا۔ پولیس نے اس واقعہ کے سلسلہ میں آج مزید 8 افراد کو گرفتار کیا۔ان تمام کو ہیلتھ چیک اَپ کے بعد پرگی پولیس اسٹیشن منتقل کیا گیا۔گرفتار افراد کو عدالت میں پیش کیا جائے گا۔گرفتاریوں کے خوف سے کئی افراد گاؤں چھوڑ کر جارہے ہیں اور دیگر مواضعات میں اپنے رشتہ داروں و دوستوں کے پاس قیام کررہے ہیں۔ ذرائع نے کہا کہ پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں تا کہ اس واقعہ میں ملوث مفرور ملزمین کو پکڑا جاسکے۔

☆☆☆

فون ٹائپنگ معاملہ کے سلسلہ میں بی آر ایس کے سابق رکن اسمبلی جئے پال یادو آج پولیس کے سامنے حاضر ہوئے۔ اے سی پی جوبلی ہلز نے اپنے دفتر میں ان سے پوچھ تاچھ کی۔ پولیس کی جانب سے جاری کردہ نوٹس پر وہ تحقیقاتی عہدیدار کے سامنے حاضر ہوئے۔ جئے پال یادو بی آر ایس کے دوسرے قائد ہیں جن سے پولیس نے اس سنسنی خیز معاملہ میں پوچھ تاچھ کی ہے۔ سابق رکن اسمبلی سی لنگیا جمعرات کو پولیس کے سامنے حاضر ہوئے۔ پولیس اس کیس میں گرفتار چار ملزمین کے کال ڈاٹا کی بنیاد پر سیاستدانوں کو طلب کررہی ہے۔ اس معاملہ میں تین معطل پولیس ملازمین اور ایک موظف پولیس عہدیدار عدالتی تحویل میں ہے۔

☆☆☆

نلسار یونیورسٹی کے اوپن اور فاصلاتی پروگراموں کے 2024ء کے ڈگری اور اڈوانسڈ ڈپلوما کے طلبہ کے لئے خصوصی کانوکیشن آج منعقد کیا گیا۔ تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس و نلسار یونیورسٹی کے چانسلر آلوک ارادھے نے تقریب کی صدارت کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے گریجویٹ کو مشورہ دیا کہ وہ بیشتر عوامی مقاصد کے لئے اپنی معلومات کا استعمال کریں اور مزید ذمہ دار و ذرائع والے شہری بنے۔ انہوں نے یاددہانی کرواتے ہوئے کہا کہ متوسط طبقات کے لئے سماجی انصاف پر بطور خاص توجہ مرکوز کرتے ہوئے معیاری قانونی تعلیم کی فراہمی میں نلسار کا ایک رول ہے۔ انہوں نے تلگو میں ہندوستانی دستور میں بنیادی کورس کے آغاز کے لئے نلسار کی حالیہ کوششوں کی ستائش کی۔ یہ کورس سنٹرل فور ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن کی جانب سے شروع کیا گیا۔

☆☆☆

مسافرین کے زائد ہجوم سے نمٹنے کے لئے ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے مختلف روٹس کے لئے خصوصی ٹرینوں کا اعلان کیا ہے۔ ون وے اسپیشل ٹرین جموں کے تاوی سے سکندرآباد تک چلائی جائے گی۔ ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے کہا کہ ٹرین نمبر 07003 جموں تاوی۔ سکندرآباد ٹرین کل ساڑھے چار بجے صبح روانہ ہوگی اور اگلے دن ساڑھے گیارہ بجے دوپہر پہنچے گی۔

☆☆☆

موسی ندی کے کنارے رہنے والوں کے ساتھ رہنے وزیراعلی تلنگانہ اے ریونت ریڈی کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے بی جے پی ریاستی یونٹ کے صدر اور مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی کے ساتھ ساتھ دیگر بی جے پی لیڈروں نے موسی ندی میں رہنے والے افراد کے درمیان رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ زعفرانی جماعت کے لیڈروں نے ہفتہ کی رات 13 اسمبلی حلقوں کے تحت آنے والے موسی ندی کے 20 علاقوں میں رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی کے تقریباً 20 سینئر لیڈر ہفتہ کو موسی ندی سے متصل 20 بستیوں میں لوگوں کے ساتھ کھانا کھائیں گے اور شب بسری کریں گے۔ کشن ریڈی کے ساتھ پارٹی کے راجیہ سبھا رکن کے لکشمن، پارٹی کے ارکان پارلیمنٹ کونڈا وشویشور ریڈی، ای راجندر، سرکاری ترجمان این رام چندر راؤ اور پارٹی کے سینئر لیڈران سی سریش ریڈی، کے ایس رتنم، بی بی پاٹل، سیتارام نائک، وائی لکشمی نارائنا، وینکٹ رمنا ریڈی، جی پریمندر ریڈی، اور این وی ایس ایس پربھاکر اس پروگرام میں حصہ لیں گے۔ اس پروگرام کا مقصد ریاستی حکومت کو موسی کی بحالی پراجیکٹ میں غریبوں کے مکانات کو گرانے کے خلاف ایک مضبوط پیام دینا اور عوام کے اعتماد میں اضافہ کرنا ہے۔

☆☆☆

بی سی کمیشن جلد ہی متحدہ کھمم اور محبوب نگر اضلاع کا دورہ کرے گا۔ ہائی کورٹ کی ہدایت پر ادارہ جاتِ مقامی میں تحفظات کے لئے یہ کمیشن قائم کیا گیا ہے جو مختلف تنظیموں سے تجاویز اور درخواستیں قبول کرے گا۔ اس کمیشن نے آج نلگنڈہ ضلع میں عوام کے ساتھ ساتھ مختلف تنظیموں سے نمائندگیاں وصول کیں۔